لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ جمادی الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت داخل خارج شرکا مستاجری	۱ و ۲
۲	اضافہ گرداوری و ڈنگوری تحصیل ملک	۱
۳	اضافہ خورشید حسن بیگ	"
۴	نقشہ نرخ غلہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

مصدرہ مثل رپورٹ رسالدار صاحب صدر باطلاع فوتی کنور سین مستاجر سوہا پرگنہ شاہ آباد باظہار نارضامندی از تکمیل داخل خارج حصہ متوفی بجانب عاشق علیخان شریک مستاجری و درشح کہ اگر کسی موضع کی مستاجری مین دو یا چند اشخاص شریک ہون اور منجملہ شرکا کے

کوئی شریک فوت یا فرار ہو جائے تو اُسکے حصہ کا داخلخارج بقیہ شرکاء کو اپنے نام کرانا ہوگا۔ اگر شرکاء مذکور حصہ متوفی یا مفرور کا داخلخارج اپنے نام کرا دین تو بلا معاوضہ رضامندی شرکاء موضع خام کر لیا جائیگا۔ اور بنگام نیلام ثانی جو کمی نیلام واقع ہوگی اُسکا بار شرکاء موجودہ کو اپنے اپنے حصہ کے بقدر برداشت کرنا ہوگا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

مشمولہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ اضافہ منظور حسین خان گرداور قانونگوے تحصیل ملک مشاہرہ دار سترہ روپیہ ماہوار حسب استدعار تحصیلدار ملک۔

حکم ہوا کہ

رقبہ غلط لکھنے کے متعلق ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء کو موافق رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست اس گرداور پر ایک روپیہ جرمانہ ہوا ہے۔ جسکو ابھی کچھ مدت نہیں گذری۔ اب صاحب مہتمم بندوبست پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کی رپورٹ کرتے ہیں اس گرداور کی تنخواہ سترہ روپیہ ہے۔ ایک دوسرے گرداور کے سو روپیہ ہیں لہذا بوجہ سفارش صاحب مہتمم بندوبست صرف ایک روپیہ ماہوار اضافہ اس گرداور کی تنخواہ مین منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص حکم صاحب ریونیو سکرٹری بہادر اضافہ

۸ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر متعلقہ حاکم صاحب دربارۂ اضافہ تنخواہ خورشید حسن بیگ معاون محافظ دفتر بوجہ حسن انجام خدمت متعلقہ دفتر نقل و خوشخطی منظور ہو کر دو روپیہ اضافہ تنخواہ موجودہ نابردہ مین کیا گیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور بابت ابتدا ۳ اپریل لغایتہ ۹ اپریل ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸/ار	۰	۹/ار	۸/ار	۸/ار	۹/ار	
نخود خالص	۱۱/ار	۰	۱۱/ار	۱۳/ار	۱۳/ار	۱۲/ار	
نخود کسہ آمیز	۱۳/ار	۰	۱۲/ار	۱۴/ار	۱۳/ار	۱۳/ار	
کسہ	۱۴/ار	۰	۱۲/ار	۱۵/ار	۱۳/ار	۱۴/ار	
ماش	۷/ار	۰	۸/ار	۷/ار	۷/ار	۸/ار	
مونگ	۸/ار	۰	۸/ار	۸/ار	۷/ار	۷/ار	
مکا	۱۷/ار	۰	۱۷/ار	۱۷/ار	۱۶/ار	۱۶/ار	
جئی	۱۲/ار	۰	۱۲/ار	۱۴/ار	۱۴/ار	۱۴/ار	
گوجئی	۰	۰	۱۰/ار	۱۲/ار	۱۲/ار	۱۲/ار	
مسور	۱۱/ار	۰	۱۲/ار	[illegible]	۱۰/ار	۱۱/ار	
ارہر	۱۱/ار	۰	۱۲/ار	۱۰/ار	۱۰/ار	۰	
برنج	۷/ار		۶/ار	۶/ار	۷/ار	۷/ار	
روغن زرد	۲/ار		۱/ار	۱/ار	۱/ار	۲/ار	
روغن سیاہ	۳/ار		۲/ار	۲/ار	۲/ار	۳/ار	
روغن کنجد	۱/ار		۳/ار	۱/ار	۲/ار	۱/ار	
نمک سانبھر	۱۰/ار		۱۲/ار	۱۱/ار	۱۰/ار	۱۲/ار	
نمک لاہوری	۰		۱۱/ار	۸/ار	۱۰/ار	۱۳/ار	
قند سیاہ	۵/ار		۵/ار	۷/ار	۵/ار	۴/ار	
باجرہ	۱۲/ار		۱۱/ار	۱۲/ار	۱۲/ار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور